## توجہ دلاؤ نوٹس

جناب میں ایوان کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ ایم ڈیکیٹ کا ٹسٹ ایٹا ٹسٹ پاس کرنے کے بعد کامیاب طلبہ میں سے حکومتی پالیسی کے تحت اقلیتی طلباء کیلئے میڈیکل کالجز میں دو فی صد کوٹہ مختص ہوتا ہے جو کہ یبنارٹی کے پاس طلباء کو ان دو فی صد مخصوص نشتوں جنرل پر اور سلف فنانس کے تحت داخلہ دیا جاتا ہے۔ جبکہ محکمہ اعلی تعلیم کے حکام اقلیتی طلباء کو دو فی صد کی بجائے صرف دو سیٹ جنرل اور چار سیلف فنانس کے تحت دیتا ہے جو کہ نہ صرف حکومتی پالیسی کی منافی ہے بلکہ یبنارٹی طلباء کے ساتھ سراسر زیادتی اور نا انصافی ہے۔

اسی طرح اسلامیہ کالج / یونیورسٹی پشاور میں تو اقلیتی طلباء کو اس حق سے مکمل طور پر محروم رکھا گیا ہے جو کہ حکومتی ہدایات کے کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ لہذا مذکورہ بالا دونوں مقامات پر محکمہ اعلی تعلیم کے حکام حکومتی احکامات کے مطابق یبنارٹی طلباء حصول تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کا پابند کیا جائے۔

CALL ATTENTION NOTICE
Session No. 9Th
Notice No. 534
Received Time: 3:47
Received Date 20/8/2025
From Mr. / Ms. ________ MPA
Receiver Sign: [signature]

[signature]
سرکش کمار